نیوز ریلیز

نئے آنے والے نمایاں افراد کو اعزاز سے نوازا گیا

21 ستمبر، 2022ء میڈیا انکوائریز

البرٹا کی حکومت 23 تارکین وطن کو اپنی کمیونٹیز کو مالا مال کرنے اور صوبے کو مزید جامع صوبہ بنانے میں مدد کرنے پر انہیں تسلیم کر رہی ہے۔

البرٹا نیوکمر ریکیگنیشن ایوارڈز جون میں شروع کئے گئے تا کہ تارکین وطن کی جانب سے صوبے کی ہمسائیگیوں، معیشتوں، پیشوں اور کمیونٹیز میں انمول شراکت کا جشن منایا جا سکے۔ وصول کنندگان میں نوجوان، خواتین، بزرگ، ذاتی کاروبار کرنے والے کاروباری افراد، ماہرین تعلیم، پیشہ ور افراد اور کمیونٹی کی تعمیر کرنے والے شامل ہیں جنھوں نے اپنے اسکولوں، کام کی جگہوں، ہمسائیگیوں اور رضا کار تنظیموں میں فرق پیدا کیا ہے۔

"افتتاحی البرٹا نیوکمر ریکیگنیشن ایوارڈز کے تمام وصول کنندگان کو مبارکباد! آپ نے یہاں اپنی زندگیاں بنانے اور کامیابی حاصل کرنے کے دوران ہمت، تخلیقی صلاحیتوں اور ہمدردی کا مظاہرہ کیا ہے۔ البرٹا خوش قسمت ہے کہ آپ نے اس صوبے کو اپنا گھر کہنے کا انتخاب کیا ہے۔"

جیسن کینی (Jason Kenney)، پریمیئر

" البرٹا میں آنے والے امیگرینٹس ان طریقوں کیلئے پہچانے جانے کے مستحق ہیں جن سے انہوں نے البرٹا کو مزید آگے کی سوچ رکھنے، کثیر الثقافتی اور خیر مقدمی بنانے میں مدد کی ہے۔ مجھے 23 حیرت انگیز افراد کو ایوارڈ سے نوازنے کا اعزاز حاصل ہوا ہے، اور میں انہیں ان کی بہت سی کامیابیوں پر مبارک باد پیش کرتا ہوں۔"

محمد یٰسین (Muhammad Yaseen)، امیگریشن اور کثیر ثقافتی کے ایسوسی ایٹ وزیر

البرٹا کے انسداد نسل پرستی کے ایکشن پلان کا ایک اہم عنصر عوامی تعلیم اور ثقافتی بیداری ہے — جس میں امیگرینٹس کی کامیابیوں کا جشن منانے کیلئے ایک شناختی پروگرام بھی شامل ہے۔ ایک بامعنی کاروائی کیلئے ایک روڈ میپ، جو منصوبہ تنوع کیلئے حکومت کے عزم کا خاکہ پیش کرتا ہے، حکومتی پروگراموں تک رسائی کیلئے نظام میں موجود رکاوٹوں کو دُور کرتا ہے اور اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ البرٹنز کو معلومات اور خدمات تک مساوی رسائی حاصل ہو۔ البرٹا کی انسداد نسل پرستی کی ایڈوائزری کونسل نے اس کام میں اہم کردار ادا کیا ہے۔

2022ء میں البرٹا میں نئے آنے والوں کی شناخت کے ایوارڈ وصول کنندگان

Classification: Public

پیشے اور تعلیم میں امداد کا ایوارڈ

- پیٹرک ایٹوکیوڈو (Patrick Etokudo)
- سیموئل میوگو (Samuel Mugo)
- میشیک موابا (Misheck Mwaba)

ذاتی کاروبار کے جذبے کا ایوارڈ

- ٹریسی بیری (Tracy Barry)
- ہارلی پُون (Harley Poon)
- جیان ہوا ژو (Jianhua Zhu)

جامع کام کی جگہوں کا ایوارڈ

- لِنگ ہانگ (Ling Huang)
- فیتھ مائیکل یوزوکا (Faith-Michael Uzoka)

نئے آنے والے چیمپئن کا ایوارڈ

- کزیر کولائیبلی (Kazir Coulibaly)
- سید حسن (Syed Hassan)
- بوبن سٹوجینووک (Boban Stojanovic)

بزرگوں کے جذبے کا ایوارڈ

- جارج شولیانگ ڈونگ (George Shouliang Dong)
- لوسینیا اورٹز (Lucenia Ortiz)

چھوٹی کمیونٹی کی بہتری کا ایوارڈ

- ایٹو ایرئیب (Itua Iriogbe)
- لینا سینٹینا(Lana Santana)
- مارجوری ویلانس(Marjorie Villanis)

طلباء کیلئے تخلیقی تحریک کا ایوارڈ

- نوآح ٹیومالیڈ ایل(Noah Tumalad Elle)
- راوان ابراہیم (Rawaan Ibrahim)

ویمنز نیوکمر امپیکٹ ایوارڈ

- ایجیبولا ایڈیٹوکنبو ٹیوو (Ejibola Adetokunbo-Taiwo)
- انیلہ عظیم (Aneela Azim)
- اولگا کروچک سلکن (Olga Krochak Sulkin)

نوجوان لِیڈر ایوارڈ

- درشتی لاکھانی (Drishti Lakhani)
- فواز سلیم (Fawaz Saleem)

ہر ایوارڈ وصول کنندہ کے بارے میں تفصیلات alberta.ca/NewcomerAwards پر دستیاب ہیں۔

متعلقہ معلومات

- البرٹا میں نئے آنے والوں کی شناخت کے ایوارڈ وصول کنندگان
- نسل پرستی کے خلاف کارروائی کرنا
- البرٹا کا نسل پرستی کے خلاف کاروائی کا منصوبہ: تنوع اور شمولیت کو مضبوط بنانا

میڈیا انکوائریز

جسٹن بریٹنگا (Justin Brattinga)

780-203-0177
پریس سیکریٹری، آفس آف دی پریمیئر